© rasailojaraid.com

# مشرقِ وسطیٰ

## "مسیحی عربوں کو واپس وطن آنا چاہیے۔" یاسر عرفات

۱۳ اکتوبر ۱۹۹۳ء کو فلسطین کے مسیحی مذہبی رہنماؤں کے ایک وفد نے تیونس جاکر "تنظیم آزادیٔ فلسطین" کے سربراہ جناب یاسر عرفات سے ملاقات کی۔ وفد میں حیفہ اور گلیلی کے یونانی کیتھولک آرچ بشپ، ایونجلیکل لوتھرن چرچ کے بشپ، مارونی چرچ کے سربراہ، سیرین کیتھولک چرچ اور انگلیکن چرچ کے مقامی رہنما شامل تھے۔ تیونس سے واپسی پر یونانی کیتھولک آرچ بشپ جناب لطفی لاحم نے بتایا کہ یہ وفد فلسطین میں امن کی کوششوں اور فلسطینیوں کی خود مختاری کے معاہدے کی تائید و حمایت کا اظہار کرنے تیونس گیا تھا۔ جناب یاسر عرفات نے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے اس امر پر زور دیا کہ چرچ رہنماؤں کو ان ہزاروں فلسطینی مسیحیوں کی وطن واپسی کے لیے کام کرنا چاہیے جو دنیا بھر میں منتشر ہیں۔ مسیحی آبادی کے بغیر فلسطین کے مقدّس مقامات میوزیم بن کر رہ جائیں گے۔

چرچ رہنماؤں کے اندازے کے مطابق دنیا بھر میں بکھرے ہوئے ۲۵ لاکھ فلسطینیوں میں دس بارہ فیصد مسیحی ہیں۔ اسرائیل کے مقبوضہ علاقوں کی بیس لاکھ آبادی میں کم و بیش تیس ہزار مسیحی ہیں۔ ان کے علاوہ ناصرہ کے شہر میں ایک لاکھ مسیحی ہیں جو "عرب اسرائیلی" شمار کیے جاتے ہیں۔

جناب لطفی لاحم نے کہا کہ "جناب یاسر عرفات نے انہیں مسیحیوں کی وطن واپسی اور ملک کی تعمیرِ نو کا مشن سپرد کیا ہے۔" (دی مسلم، اسلام آباد - ۲۰ اکتوبر ۱۹۹۳ء)

# افریقہ

## لیبیا: "مذہب اور ذرائع ابلاغ" کے موضوع پر سیمینار

لیبیا کی "ورلڈ اسلامک کال سوسائٹی" اور "پاپائی کونسل برائے مکالمہ بین المذاہب" کے اشتراک سے ۳ تا ۶ اکتوبر ۱۹۹۳ء کو طرابلس (لیبیا) میں "مذہب اور ذرائع ابلاغ" کے موضوع پر ایک سیمینار منعقد ہوا جس میں ۱۶ مسلم اور مسیحی اہلِ علم نے شرکت کی جو دنیا کے مختلف حصوں کی نمائندگی کرتے تھے۔ پاکستان سے فادر آرچی ڈی سوزا نے مسیحی نمائندے کے طور پر شرکت کی۔ ان کے قلم سے



© rasailojaraid.com